بسم اللہ الرحمن الرحیم

نظرات

برادر ملک لیبیا عالم اسلام کی توجہ کا مرکز بنتا جارہا ہے ۔ کرنل قذافی کی سربراہی میں اس ملک کے مسلمان احیائے دین کے لئے کوشاں ہیں اور بتدریج ایسے اقدامات کر رہے ہیں جن سے اس دور میں مذہب اسلام ایک زندہ حقیقت کی حیثیت سے جلوہ گر ہو۔ یوں محسوس ہوتا ہے کہ لیبیا کے مسلمانوں نے اپنی منزل متعین کرلی ہے اور اب وہ پورے یقین و اعتماد کے ساتھ اپنی منزل کی طرف بڑھ رہے ہیں ۔ انھوں نے روایتی اسلام کو خیرباد کہ دیا ہے اور وہ قرآن و سنت کی رہنمائی میں اپنی زندگی کو نئے قالب میں ڈھال رہے ہیں ۔

جب سے لیبیا کی سربراہی کرنل قذافی کے ہاتھ میں آئی ہے وہاں کے حالات تیزی سے سنبھل رہے ہیں ۔ آئے دن وہاں سے ایسی خبریں آتی رہتی ہیں جن سے دنیا بھر میں مسلمان خوش ہوتے ہیں ۔ ابھی حال ہی میں پاکستانی اخبارات نے یہ خبر جلی سرخیوں کے ساتھ نمایاں کرکے چھاپی ہے کہ ''لیبیا میں ثقافتی انقلاب کی تحریک نقطۂ عروج پر پہنچ گئی ۔ زندگی کے ہر شعبے میں قرآن و سنت کے اصول کو نافذ کیا جارہا ہے ۔ اس خبر کا سب سے خوش آئند پہلو یہ ہے کہ اصلاح و انقلاب کا کام حکومت کے زیر اہتمام انجام دیا جا رہا ہے اور اس کی نگرانی خود کرنل قذافی کر رہے ہیں ۔ ملک کا نوجوان طبقہ اس میں پیش پیش ہے ۔ کالجوں ، یونیورسٹیوں اور دوسرے اداروں کے نوجوانوں نے کچھ دنوں کے لئے اپنے آپ کو اس کام کے لئے وقف کردیا ہے ۔ یہ پروگرام ہر جہتی اور ہمہ گیر قسم کا ہے ۔ اصلاح و تطہیر

© Dr Muhammad Hamidullah Library, IIU, Islamabad. http://iri.iiu.edu.pk/

کے اس منصوبے کی تکمیل کے بعد امید کی جا سکتی ھے کہ انشاءاللہ تعالی لیبیا صحیح معنوں میں ایک اسلامی ریاست بن کر نمودار ھوگا۔ اور دنیا جو اپنے جہل و تعصب اور مسلمانوں کی بے عملی اور نالائقی کی وجہ سے اسلام کو قصۂ پارینہ سمجھتی ھے ایک بار پھر دیکھے گی کہ مایوس انسانیت کی پہلی اور آخری امید اسلام اور صرف اسلام ھے۔

افسوس اس بات کا ھے کہ آج اسرائیل عربوں کی تخریب کے درپے ھے، اور عرب چھاپہ مار اور لبنانی افواج آپس ھی میں دست و گریباں ھیں۔ جب خود مسلمان ایک دوسرے کا گلا کاٹنے لگ جائیں تو پھر اپنے دشمنوں سے گلہ کیسا ؟ اگر یہی حالت چندے اور جاری رھی تو ان میں اتنا زور کہاں باقی رھے گا کہ اسرائیل کے خلاف حرف شکایت بھی زبان پر لانے کی جرأت کر سکیں۔ عالم اسلام کو ھوش میں آجانا چاھئے اور اتحاد و تنظیم کی اعلی مثال قائم کرنی چاھئے۔ ورنہ زمانہ زیادہ مہلت نہیں دے گا۔ اتی امر اللہ فلا تستعجلوہ :

پاکستان ایک ایسا ملک ھے جو بنا ھی اس لئے تھا کہ یہاں زندگی کے ھر شعبے میں قرآن و سنت کے اصول کو نافذ کیا جائے گا۔ لیکن بدقسمتی سے ایسا نہ ھوا۔ ۲۰ سال سے یہاں ترقی معکوس ھوتی رھی اور ھم دن بدن اسلام سے دور ھی ھوتے گئے۔ جو حکومت بھی آئی اس نے دانستہ یا نادانستہ ایسے اقدامات کئے کہ ھر قدم دوری منزل نمایاں ھوتی گئی۔ عوام نے بھی غفلت و بے پروائی کا راستہ اختیار کیا اور انھوں نے بھی اپنی زندگی کو قرآن و سنت کے سانچے میں ڈھالنے کی کوئی کوشش نہ کی۔ اب کہ ھم نے اپنے لئے اسلامی آئین بنالیا ھے دوسرے مرحلہ میں ھمیں اپنی زندگی کو اسلامی سانچے میں ڈھالنے کی مہم کا آغاز کردینا چاھئے۔ اس کی ابتداء بھی صدر بھٹو کی قیادت میں بحمداللہ جلد از جلد ھونی چاھئے، کہ الناس علی دین ملوکھم، لوگ

اپنے حکمرانوں کے نقش قدم پر چلتے ھیں۔ اس طرح دیکھتے دیکھتے پاکستان کا نقشہ انشاءاللہ بدل جائے گا۔ زندگی کے ھر شعبے میں خاطر خواہ انقلاب آجائے گا اور ھم حقیقی معنوں میں اسلامی آئین کی برکتوں سے متمتع ھوں گے ۔

جناب جسٹس محمد افضل چیمہ نے پاکستان سکریٹریٹ میں وزارت قانون کے سکرٹری کی حیثیت سے ذمہ‌داری سنبھال لی ھے ۔ اس سے پہلے چیمہ صاحب لاھور ھائی کورٹ میں جج کے منصب پر فایز تھے۔ ھمارا ادارہ ان کے تقرر کا خیر مقدم کرتا ھے اور یہ بجا طور پر توقع رکھتا ھے کہ وہ اپنی گونا گوں مصروفیات کے باوجود ادارۂ تحقیقات کی ترقی پر اپنی توجہ مبذول فرمائیں گے ۔